Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۲ ربیع الثانی ۱۳۵۳ھ مطابق ۴ اگست ۱۹۳۴ء } جلد

حصہ دوئم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲ و ۳	۵	فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۸ و ۹
۲	حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر	۳	۶	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۱۰
۳	احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۴ تا ۶	۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	۱۱
۴	احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	۷	۸	نقشہ بارش	۱۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

واگذاشت

واقع ۲۲ رجولائی ۱۹۳۲ء

نقل حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

وتحریر اجلاس ہذا دربارہ واگذاشت کورٹ

لوک نراین نابالغ ساکن قصبہ ٹانڈہ بوجہ ادخال

سرٹیفکٹ بلوغیت مصدقہ چیف میڈیکل افسر صاحب

لوک نراین ساکن قصبہ ٹانڈہ نے اپنی بلوغیت کا سرٹیفکٹ

صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر کا پیش کرکے واگذاشت

کورٹ کی استدعا کی ہے۔ صاحب ریونیو منسٹر بہادر

نے لکھا ہے کہ لوک نراین خود کام کا اہل ہے اور بعد

ادخال سرٹیفکٹ بلوغ قانوناً کورٹ قابل واگذاشت

ہے لہذا حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر کورٹ

لوک نراین واگذاشت کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات ہذا جناب

صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں اور ایک نقل جناب

فائنینس سکریٹری بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ کورٹ کے

حسابات مرتب کراکر لوک نراین کو سمجھا دیے جائیں۔ اور

حسابات سمجھ لینے کے متعلق اوس سے تحریر حاصل کیجائے

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

بموجب حکم اجلاس جناب صاحب چیف منسٹر بہادر کورٹ لوک نراین واگذاشت

کیا جاوے اور تحصیلدار صاحب ٹانڈہ و تحصیلدار صاحب

جناب ڈائرکٹر صاحب بہادر کو باجرائے احکام اطلاع

دیجائے۔ اور مطابق قانون کورٹ آف وارڈس حسب

دفعہ ۱۵ گزٹ میں شائع کیا جاوے۔ مطبع کو نقل بھیجی جاوے۔ بعد

اجرائے احکام واپس اجلاس کیا جاوے۔ ۳۰ رجولائی ۱۹۳۲ء

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

اخراج اسم

واقع ۳۰ رجولائی ۱۹۳۲ء

مولوی مظفر علی خاں صاحب پنشندار کا ۲۴ رجولائی ۱۹۳۲ء

کو انتقال ہوگیا ہے۔ مرحوم کو مبلغ چالیس روپیہ ماہوار

پنشن ملتی تھی۔ تارنسکا ۲ بجکر ۵ منٹ پر لکھنؤ سے جا

ہے۔ لہذا ۲۵ رجولائی ۱۹۳۲ء سے نام خارج کیا جاوے

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

اطلاع

ہر خاص و عام کو اطلاع دیجاتی ہے کہ بنظر سہولت

یہ انتظام کر دیا گیا ہے کہ امتحان مقابلہ ملازمت

گورنمنٹ ہند و صوبہ کی فیس جو خزانہ مرادآباد و دہلی

میں عموماً داخل کرنا پڑتی ہے۔ آیندہ سے امپیریل بنک رامپور

میں داخل کرلیجائے اور چالان داخلہ فیس دیدیا جاوے

بنک مذکور کوئی مزید فیس نہیں لے گا۔

آیندہ سے جملہ فیس امتحان مقابلہ کی جو گورنمنٹ

ہند کے خزانہ میں داخل کرنا پڑتی ہو وہ اب بنک میں

جمع ہوسکتی ہے۔

تبدیلی

۲۱ جولائی ۱۹۳۲ء

مہابیر پرشاد محرر مشاہرہ دار [illegible] رکو جو ڈیوڑھی کا محرر ہے۔
عالیجناب نواب ولیعہد بہادر کے محکمہ سے بہ تنخواہ موجودہ
فانانس ڈپارٹمنٹ میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ سررشتہ متعلقہ
سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

بحالی

یکم اگست ۱۹۳۲ء

منشی وزیر احمد نقشہ نویس تعمیرات ۹ جون ۱۹۳۲ء
سے معطل ہوتے تھے۔ صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے
بمعافی قصور نامبردہ کو بحال کئے جانے کی سفارش کی ہے۔
لہذا حسب تحریر جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر۔
منشی وزیر احمد مذکور کو بحال کیا جانا منظور ہے۔ ایام معطلی
کی تنخواہ ذریعہ تحریر آمد دلا دی جائے۔ سررشتہ متعلقہ
سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

تقرر

واقع ۱۰ اگست ۱۹۳۲ء

محمد صدیق خاں معلم قیدیان کو جیل صاحب مستقل کرانا
نہیں چاہتے۔ مدت ختم ہوگئی اوسکی جگہ دوسرے کسی
شخص کے تقرر کے لئے رپورٹ کرتے ہیں۔
سروس سلکشن بورڈ سے تین شخصوں کے نام آئے ہیں
اون میں سے الیاس خاں جو مدرسہ عالیہ کا سند یافتہ
اور باشندہ رامپور ہے۔ معلم قیدیان بمشاہرہ پندرہ روپیہ
ماہوار مقرر کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

توسیع

واقع ۲۵ر جولائی ۱۹۳۲ء

ثبوت رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور بابت توسیع مدت ملازمت حمید الدین خاں زائد نائب تحصیلدار شاہ آباد بابت آئندہ از ۲۶ر جولائی ۱۹۳۲ء بوجہ ختم ہو جانے مدت سابقہ دو ماہ تاریخ ۲۵ر جولائی ۱۹۳۲ء

(مرسلہ ناظم صاحب علاقہ شمالی)

حکم

حسب سفارش ناظم صاحب بہادر شمالی و تحصیلدار صاحب بلاسپور منشی حمید الدین خاں نائب تحصیلدار کی ملازمت میں دو ماہ کی توسیع منظور ہے احکام جاری ہوں۔

(دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

اضافہ

(واقع ۲۰ر جولائی ۱۹۳۲ء)

ثبوت رپورٹ ہیڈ اکاؤنٹنٹ صاحب صیغہ مال بدین خلاصہ کہ رپورٹ ڈائرکٹر صاحب کاغذات دیہی درست ہے۔ ترلوکی ناتھ گرداور قانون گو سے کا اضافہ بجٹ میں اجلاس ہمایوں سے من ابتدائے یکم مئی ۱۹۳۲ء منظور ہوچکا ہے اور رقم موجود ہے ہنوز اجرائے احکام نہیں ہوا ہے۔ بربنائے رپورٹ ترلوکی ناتھ مذکور باستدعائے اجرائے احکام اضافہ بوجہ نہ ملنے رقم اضافہ بسبب عدم اجرائے حکم (مرسلہ ڈائرکٹر صاحب کاغذات دیہی)

حکم

یکم مئی ۱۹۳۲ء سے اس اضافہ (صہ ماہوار) کا اجرا کیا جائے۔ صدر کو مرسلہ۔

(دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

رخصت

ثبوت یادداشت ڈائرکٹر صاحب کاغذات دیہی بدین خلاصہ کہ عبد الحمید نائب صدر منصرم رخصت رعایتی پانچ یوم از ۱۶ تا ۲۰ جولائی ۱۹۳۲ء لیکر اپنے وطن گئے تھے۔ اب سولہ یوم کی رخصت مزید از ۲۱ر جولائی ۱۹۳۲ء لغایت ۵ر اگست ۱۹۳۲ء کی درخواست بھیجی ہے لہذا کل رخصت از ۱۶ر جولائی لغایت ۵ر اگست ۱۹۳۲ء کی درخواست بھیجی ہے غیر مستقل عملہ کو اس قدر رخصت رعایتی دیا جانا مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ لہذا کل رخصت از ۱۶ر جولائی لغایت ۵ر اگست ۱۹۳۲ء بوضع تنخواہ شمار کئے جانے کے قابل ہے۔

حکم

حسب رائے ڈائرکٹر صاحب کل رخصت ۱۶ر جولائی لغایت ۵ر اگست ۱۹۳۲ء بوضع تنخواہ شمار کیجائے۔ رخصت مطلوبہ منظور ہے احکام جاری ہوں۔

۲۶ر جولائی ۱۹۳۲ء (دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

سبکدوشی

واقع ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ یادداشت ڈائرکٹر صاحب زراعت بابت سبکدوشی محبوب عالم خاں - محمد سبطین - مبارک شاہ خاں بتاریخ ۲۱ جولائی ۱۹۳۳ء بعد دوپہر بوجہ اختتام مدت ملازمت

حکم

رپورٹ جناب ڈائرکٹر صاحب منظور ہے احکام جاری ہوں - دستخط فارم صاحب ریونیو منسٹر بہادر

سبکدوشی

واقع ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ یادداشت ڈائرکٹر صاحب زراعت بابت سبکدوشی سید علی حیدر - سید ذاکر حسین منشی محمد صالح فیلڈ انسپکٹران از ۳۰ جولائی ۱۹۳۳ء بعد دوپہر بوجہ اختتام میعاد ملازمت

حکم

رپورٹ جناب ڈائرکٹر صاحب منظور ہے احکام جاری ہوں - دستخط نگار صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرر

واقع ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ یادداشت ڈائرکٹر صاحب زراعت بابت تقرر محمد سبطین از یکم اگست ۱۹۳۳ء بجائے عبدالشکور رخصتی محرر بندوبست -

حکم

رپورٹ جناب ڈائرکٹر صاحب منظور ہے - احکام جاری ہوں -

دستخط فارم صاحب ریونیو منسٹر بہادر

توسیع

واقع ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ نیکار اجلاس بابت مستقلی تنگی حساب بابت ریکارڈ کیپر اجلاس شاہ آباد بابت پچیس روپیہ ماہوار بجٹ نو آبادی بوجہ اختتام میعاد سابقہ بتاریخ ۲۲ جولائی ۱۹۳۳ء

حکم

چونکہ اسوقت جناب ریونیو منسٹر صاحب بہادر نینی تال تشریف رکھتے ہیں لہذا صاحب موصوف کی واپسی پر مستقلی کی رپورٹ کیجائے - فی الحال کی میعاد میں دو ماہ کی توسیع منظور کیجاتی ہے - احکام جاری ہوں - دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

واقع ۲۹ جولائی ۱۹۳۳ء

حسب سفارش صاحب چیف انجنیر بہادر و تصدیق صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل ملازمان بجلی گھر مندرجہ تحت کی رعایتی رخصت منظور کیجاتی ہے -

۱- محمد جان خاں مستری از ۲ جون ۱۹۳۳ء دس یوم -

۲۔ چندا خاں وائرمین از ۱۲ مئی ۱۹۳۴ء
مزید ایک ہفتہ۔
۳۔ لیاقت علیخاں وائرمین از ۱۵ جون ۱۹۳۴ء
پندرہ یوم۔
۴۔ اودھا گرسنگھ وائرمین از ۱۰ جون ۱۹۳۴ء
ایک ماہ مشاہرہ دار ہے
بنا بر اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرر

۲۰ مئی ۱۹۳۴ء { موصولہ ۱۰ اگست ۱۹۳۴ء }

مد نقل حکم جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر۔
شبتہ تحریر صاحب سکریٹری بہادر سروسز سلکشن بورڈ
بابتہ تقرر صاحبزادہ سید برکت علیخاں بہادر۔

حکم

صاحبزادہ برکت علیخاں کا تقرر محرر سربراہ کاری پر کیا جاوے۔ ناصر شاہ خاں بلاسپور تبدیل ہو۔ برکت علیخاں حضور تحصیل میں تعینات ہوں۔ احکام جاری ہوں۔
(دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

محرر سربراہ کار بلاسپور کیلئے ایک جدید جگہ کی منظوری صادر ہو گئی لہذا بہ تعمیل حکم جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر مورخہ ۲۰ مئی ۱۹۳۴ء صاحبزادہ سید برکت علیخاں سکنہ رامپور تخفیف شدہ کا تقرر بتاریخ وصول محرری پر منظور کیا جاتا ہے اور ان کی تعیناتی حضور تحصیل میں کیجاتی ہے اور حضور تحصیل میں ناصر شاہ خاں محرر برخاست شدہ کی جگہ نجم الغنی خاں مقرر ہوا ہے انکو یعنی نجم الغنی خاں کو بلاسپور تبدیل کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں تاریخ کار کردگی سے تنخواہ ملیگی۔ یکم اگست ۱۹۳۴ء

(دستخط صاحب ریونیو سیکریٹری بہادر)

احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

تقرر

۱۹ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول دربارۂ اجرائے احکام تقرر مولوی عبدالرؤف خانصاحب و عطائے تنخواہ ایام کارکردگی از تاریخ ۱۱ جولائی ۱۹۳۳ء ذریعہ تتمہ برآوردہ

حکم

مولوی عبدالرؤف خانصاحب کا تقرر اسسٹنٹ ہائی اسکول کی خالی آسامی پر بشاہرہ [illegible] روپیہ ماہوار بحکم ۲۰ مئی ۱۹۳۳ء کیا گیا ہے۔ حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ یوم کارکردگی سے تنخواہ ملیگی۔ ایام کارکردگی ۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء کی تنخواہ ذریعہ تتمہ برآوردہ ولادی جائے۔

دستخط [illegible] صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

تقرر

۲۹ جولائی ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدۂ ۲۳ مئی سنہ حال میں بغرض تہذیب و درستی اشاریہ محافظ خانہ دارالانشاء [illegible] ایک لڑکے کے تقرر کی منظوری بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار ہوا اور یوم کارکردگی سے بحکم ۱۰ جولائی سنہ حال ہو چکی ہے۔ محمد احمد خاں [illegible] مئی سنہ حال سے دارالانشاء میں کام کر رہا ہے۔ لہذا [illegible] کا تقرر بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار ۱۹ مئی سنہ حال سے [illegible] کے لئے منظور ہوا اور صادرات تنخواہ [illegible]

حکم کونسل انتظامیہ پولیٹیکل ڈپارٹمنٹ کے بجٹ منظور شدہ ہونیکو سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

۳۰ جولائی ۱۹۳۳ء

حسب رپورٹ پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ مولوی عبدالحکیم خاں مدرس منشی سال اول کی رخصت پندرہ (۱۵) یوم بوجہ علالت از ۲۹ جولائی تا ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء بعوض مسعود شاہجہاں منشی فاضل وکامل پاس منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط [illegible] پولیٹیکل منسٹر بہادر

تبادلہ

۲ اگست ۱۹۳۳ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ممتاز حسین مدرس مدرسہ [illegible] مشاہرہ دار [illegible] روپیہ کا تبادلہ مدرسہ ٹنگلہ اودی تحصیل ملک میں اور چھیدالال مدرس مدرسہ ٹنگلہ اودی تنخواہ دار [illegible] روپیہ کا تبادلہ مدرسہ [illegible] میں کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط [illegible] پولیٹیکل منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

(دفتر [illegible] اگست ۱۹۳۳ء)

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتداء ۳۰ جولائی ۱۹۳۳ء لغایت ۵ اگست ۱۹۳۳ء ہوئی منسلکہ برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

(دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر)

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتداء ۳۰ جولائی ۱۹۳۳ء لغایت ۵ اگست ۱۹۳۳ء ہوئی

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۸ جولائی ۱۹۳۳ء	جمعہ	۔	۔	۔	تعطیل
۲۹ جولائی ۱۹۳۳ء	شنبہ	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	شکور خاں بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت	آج [illegible] برائے سماعت ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر جسٹس [illegible] کشور صاحب بہادر	[illegible] علی بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت	آج [illegible] برائے سماعت [illegible] اگست [illegible] حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس [illegible] کشور صاحب بہادر	[illegible] بنام [illegible]	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	برائے سماعت ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء حال مقرر ہوئی۔
//	//	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	[illegible] خاں بنام [illegible]	نگرانی دیوانی دعوی [illegible]	زیر تجویز
//	//	مسٹر جسٹس [illegible] کشور صاحب بہادر	سید ظہور حسن بنام مسماۃ [illegible]	درخواست [illegible] ڈگری [illegible]	برائے سماعت ۳ ستمبر ۱۹۳۳ء حال مقرر ہوئی
//	//	//	[illegible] کشور بنام [illegible] خاں	درخواست ترمیم ڈگری	ڈگری میں ترمیم کی گئی
//	//	//	سرکار بہادر بذریعہ [illegible] بنام علی جان خاں وغیرہ	ابتدائی [illegible] جرم دفعہ ۳۰۹ ت	برائے سماعت [illegible] ۳ جولائی ۱۹۳۳ء حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	کنہی لال و لکپت سنگھ بنام سرکار بہادر	نگرانی دیوانی نسبت [illegible] (تعزیرات [illegible])	بمقابلہ کنہی لال حکم عدالت ماتحت بحال رہا اور بمقابلہ لکپت سنگھ منسوخ ہوا
[illegible]	[illegible]	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس [illegible] کشور صاحب بہادر	[illegible] بنام رمضانی	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	برائے سماعت ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	علیجان خاں بنام [illegible]	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	برائے سماعت ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء حال
//	//	//	مسماۃ [illegible] بنام [illegible]	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	زیر تجویز
//	//	مسٹر جسٹس [illegible] کشور صاحب بہادر	مسماۃ [illegible] بیگم بنام مسماۃ [illegible] بیگم	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	[illegible]
//	//	//	حافظ محمد شاہ بنام [illegible]	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	برائے سماعت ۱۲ اگست ۱۹۳۳ء حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس	علی احمد بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ [illegible] ت	اپیل نامنظور ہوا۔
[illegible]	شنبہ	//	جواد حسین بنام [illegible]	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	زیر تجویز
//	//	//	[illegible] بیگم بنام شجاعت علی	نگرانی فوجداری جرم [illegible]	//
//	//	//	امین خاں [illegible] بنام [illegible]	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳	[illegible]

[illegible]	دوشنبہ	مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر	سرکار بنام محبت اللہ خان	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	برائے صدور تجویز زیر سماعت برائے [illegible]
۲۹ اگست ۳۲ء	دوشنبہ	مسٹر سعظم علیخان صاحب جیف جسٹس	ابو علیخان بنام نیت رام	نگرانی دیوانی دعوی زر قرضہ	نگرانی نامنظور ہوئی۔
//	//	//	احمد نبی خان بنام سرکار رامپور	درخواست انتقال مقدمہ	درخواست نامنظور ہوئی۔
۲۷ اگست ۳۲ء	شنبہ	مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر	سرکار رامپور بنام بخشش اللہ وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	جرم ثابت نہ ہوا ملزم بری ہوا۔ مسٹر جسٹس [illegible]
//	//	//	ظہور حسین بنام شمانیاحی	درخواست منسوخی ڈگری یکطرفہ	ڈگری یکطرفہ منسوخ کی گئی۔
//	//	//	محمد ضیا خان وغیرہ بنام نذیر بیگم وغیرہ	نگرانی خفیفہ دعویٰ [illegible]	برائے سماعت ۱۸ اگست سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	//	سرکار رامپور ذریعہ فرزند شاہجان بنام قلی جان خان وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	زیر تجویز
//	//	//	سرکار رامپور بنام عبدالستار وغیرہ	متفرقات جرم دفعہ ۱۹۲ ت	برائے سماعت ۱۸ اگست سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر سعظم علیخان صاحب جیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر	منی بہ بنام نند کشور	اپیل مال دعویٰ [illegible]	برائے سماعت ۱۳ اگست سنہ حال مقرر ہوئی۔
//	//	مسٹر سعظم علیخان صاحب جیف جسٹس	شاکو بنام پنڈت راجندر [illegible]	اپیل دیوانی بابت منسوخی بیعنامہ	اپیل نامنظور ہوا۔
//	//	//	نجم النساء وغیرہ بنام عبداللطیف خان	نگرانی خفیفہ دعویٰ [illegible]	نگرانی نامنظور ہوئی
//	//	//	پیارے خان بنام سرکار رامپور	اپیل فوجداری الزام [illegible]	اپیل نامنظور ہوا۔
//	//	مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر	منی لال بنام بابو رام شنکر لال	اپیل دیوانی دعویٰ [illegible] زر اصل [illegible]	برائے سماعت ۲۰ اگست سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر سعظم علیخان صاحب بہادر جیف جسٹس	یاقوتی بیگم بنام شجاعت علی	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	نگرانی نامنظور ہوئی
۳۰ اگست ۳۲ء	سہ شنبہ	مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر	سرکار رامپور ذریعہ چینا بنام جعفر بیگ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۴۷۷ ت	بقیہ ثبوت پیش کرنے کے واسطے ۲ اگست سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	//	موہن لال بنام رگھناتھ پرشاد وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعویٰ [illegible]	برائے پیشی ۹ اگست سنہ حال مقرر ہوئی
//	//	مسٹر سعظم علیخان صاحب جیف جسٹس	عبدالستار بنام غلام شبیر	نگرانی دیوانی دعویٰ [illegible]	زیر تجویز
//	//	//	ظہور الحق بنام حکیم شبیر الدین	نگرانی دیوانی دعویٰ [illegible]	//
۳ اگست ۳۲ء	چہارشنبہ	مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر ذریعہ چینو بنام جعفر بیگ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۴۷۳ ت	زیر پیشی
//	//	//	سید علی بنام سرکار رامپور	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	//
//	//	//	منی لعل بنام بابو رام شنکر لال	اپیل دیوانی دعوی [illegible] زر اصل [illegible]	//
//	//	مسٹر سعظم علیخان صاحب بہادر جیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر	سید نبی بنام شماہ محمدی بیگم	اپیل دیوانی دعوے اعادہ حقوق زوجیت	//
//	//	مسٹر سعظم علیخان صاحب بہادر جیف جسٹس	لنگن خان بنام سرکار رامپور	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	//
//	//	//	علیجان بنام مدہن خان	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible]	//
//	//	[illegible]		استصواب متعلق دفعہ [illegible]	//

احکام اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

واقع ۲۳ر جولائی ۱۹۳۴ء

ثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی چار یوم مطلوبہ مسمی مدن لال گماشتہ اکاؤنٹ آفس شاہرہ دار پندرہ روپیہ از ۱۹ لغایت ۱۹ر جولائی ۱۹۳۴ء سلسلہ رخصت سابقہ بوجہ علالت ناسپردہ بذمہ داری جگل کشور گماشتہ

حکم

مزید رخصت چار یوم منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

واقع ۲۳ر جولائی ۱۹۳۴ء

ثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل دربارہ منظوری رخصت مزید ایک ماہ مطلوبہ مسمی انوار حسین خاں المدد اکاؤنٹ آفس شاہرہ دار پندرہ روپیہ از ۲۳ر جولائی ۱۹۳۴ء لغایت ۲۲ر اگست ۱۹۳۴ء سلسلہ انتظام سابقہ بوجہ بقائے علالت مادر ناسپردہ جسکو بغرض علاج لمبام ریاست اندور لے گیا ہے۔

بانتظام سابقہ مزید رخصت رعایتی ایک ماہ ۲۳ر جولائی ۱۹۳۴ء سے منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

واقع ۲ر اگست ۱۹۳۴ء

ثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل دربارہ منظوری رخصت اتفاقیہ دس یوم مطلوبہ محمد شفیع خاں سینیر سپرنٹنڈنٹ اکاؤنٹ آفس مشاہرہ دار ایک سو پچیس روپیہ ماہوار بغرض روانگی وطن ولدیانہ بوجہ علالت والدہ خود بذمہ داری منشی عبدالکبیر خاں سپرنٹنڈنٹ۔

حکم

۱۰ تاریخ ماہ حال سے رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

حکم اجلاس سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی

منسوخی رخصت

واقع ۲۶ر جولائی ۱۹۳۴ء

ثبتہ رپورٹ مہتمم صاحب محتاج خانہ ویتیم خانہ بابتہ تنسیخ رخصت یکماہ رعایتی منظور شدہ غلام صمدانی محرر محتاج خانہ بوجہ عدم استفادہ معہ تحریر ازخود صاحب نگران محتاج خانہ ویتیم خانہ۔

حکم

رخصت رعایتی یکماہ غلام صمدانی محرر محتاج خانہ ویتیم خانہ جو منظور ہوچکی ہے بوجہ عدم استفادہ منسوخ کیجاتی ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ اول ماہ اگست ۱۹۳۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۱۳ار	۰۱۱ار	۰۱۲ار ۱۳ار	۱۳ار	۱۳ار	
نخود خاص		۰۱۵ار	۱۶ار	۱۸ار	۱۵ار	۱۵ار	
نخود کت آمیز		۰۱۶ار	۱۷ار	۱۹ار	۱۵ار	۱۶ار	
مٹر		۰	۰۱۷ار	۲۰ار	۱۶ار	۱۷ار	
ماش		۰۱۳ار	۱۳ار	۱۳ار	۱۳ار	۱۳ار	
مونگ		۰۱۲ار	۰	۰	۰	۱۲ار	
مکا		۰	۰	۰	۱۸ار	۰	
جئی		۰	۰	۰	۲۰ار	۲۲ار	
گوجئی		۰	۰	۰	۱۶ار	۱۸ار ۲۰ار	
عدس		۱۴ار	۱۴ار	۱۶ار	۱۵ار	۱۴ار	
ارہر		۱۵ار	۱۴ار ۱۶ار	۱۳ار	۱۴ار	۱۵ار	
برنج		۹ار ۸ار	۹ار	۹ار ۰۹ار	۹ار	۱۰ار	
روغن زرد		۱۲ چھٹانک	۱۲ چھٹانک	[illegible]	۱۲ چھٹانک	[illegible]	
روغن سیاہ		۰۲ار ۰۲ار	۰۳ار	۰۲ار	۳ار	۰۲ار	
روغن کنجد		۰۲ار	۲ار	۳ار	۰۲ار	۰۲ار	
نمک سامبر		۹ار	۰۹ار	۹ار	۱۰ار	۰۹ار	
نمک لاہوری		۸ار	۶ار	۷ار	۰	۸ار	
قند سیاہ		۶ار	۶ار	۰۶ار	۵ار	۶ار	
بورہ		۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ سٹیٹ پریس رامپور

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۷ لغایت ۲ اگست ۱۹۳۴ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	یومیہ	مجموعی	یومیہ	مجموعی	یومیہ	مجموعی	یومیہ	مجموعی	یومیہ	مجموعی	یومیہ	مجموعی
۲۷ جولائی یوم سنہ ۱۹۳۴ء	۰	۱۳۰	۱۲	۲۲۳ ۳/۴	۰	۱۸۵ ۱/۴	۳	۸۰	۰	۱۳۷	۰	۲۱۵
۲۸ جولائی یوم سنہ ۱۹۳۴ء	۶	۱۳۶	۰	۲۲۳ ۳/۴	۲	۱۸۷ ۱/۴	۱ ۱/۲	۸۱ ۱/۲	۱	۱۳۸	۰	۲۱۵
۲۹ جولائی یوم سنہ ۱۹۳۴ء	۰	۱۳۶	۱	۲۲۴ ۳/۴	۰	۱۸۷ ۱/۴	۱	۸۲ ۱/۲	۰	۱۳۸	۰	۲۱۵
۳۰ جولائی یوم سنہ ۱۹۳۴ء	۰	۱۳۶	۱/۲	۲۲۵ ۱/۴	نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		۲	۱۴۰	نقشہ نہیں آیا	
۳۱ جولائی یوم سنہ ۱۹۳۴ء	۰	۱۳۶	۰	۲۲۵ ۱/۴	بشرح صدر		بشرح صدر		۱	۱۴۱	بشرح صدر	
یکم اگست یوم سنہ ۱۹۳۴ء	۰	۱۳۶	۰	۲۲۵ ۱/۴	بشرح صدر		بشرح صدر		نقشہ نہیں آیا		بشرح صدر	
۲ اگست یوم سنہ ۱۹۳۴ء	۰	۱۳۶	۰	۲۲۵ ۱/۴	بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور